38468 ـ شہر میں ایك سے زیادہ نماز عید كا اجتماع

سوال

نماز عیدین كے لیے اسلامی تنظیم ایك بہت بڑا ہال بك كرواتی ہے، تو كیا تقریبا تیس میل دور رہنے والی جماعت كے لوگ اپنی مسجد میں نماز عید كروا سكتے ہیں؟
یہ علم میں رہے كہ آنے جانے كے لیے ٹرانسپورٹ میسر ہے، اور كیا اس ہال میں سب مسلمان اكٹھے ہو كر نماز عید ادا كریں تو كئی ایك مقامات پر نماز ادا كرنے سے بہتر اور افضل نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر آپ سب لوگوں كا جمع ہونا ممكن ہو تو یہ افضل اور بہتر ہے، لیكن اگر ایسا كرنے میں ان پر مشقت ہو تو پھر اپنے علاقے اور شہر میں جو اس ہال سے تیس میل دور واقع ہے وہیں نماز ادا كرنے میں كوئی مانع نہیں، جو مشقت كا باعث بنے.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.